متعلقہ منصوبے کے شیئرز، غیر ملکی کمپنی، وفاقی اور بلوچستان حکومت کے درمیان مساوی طور پر تقسیم کیے گئے ہیں جس میں بلوچستان حکومت کو آمدن کا 25 فیصد وصول ہوگا۔ محکمے نے بتایا کہ ایسے مزید گیارہ منصوبے زیر غور ہیں لیکن شیئرز پر بات چیت جاری ہونے کی وجہ سے کام شروع نہیں ہوا، غیر ملکی سرمایہ کار صوبائی حکومت کو نظر انداز کرتے ہیں اور براہ راست وفاقی حکومت سے بات چیت کرتے ہیں۔ کمیٹی نے کوئلے کی کانوں میں سینکڑوں مزدوروں کی موت کے بعد مزدوروں کی حفاظت کے خدشات پر تبادلہ خیال کیا اور کہا حفاظتی تدابیر پر کچھ نہیں کیا جاتا۔ محکمہ نے مجلس کو بتایا کہ مزدوروں کی جان کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کان کے مالکان کے خلاف اب ایف آئی آر درج کی جا رہی ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ مالکان کانوں میں مزدور کی حفاظت کے لئے تمام حفاظتی انتظامات بروئے کار لائیں۔ ممبران نے لیبر کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے محکمہ کی آمدنی کا 10% مختص کرنے کی تجویز پیش کی۔ کمیٹی نے محکمہ کو زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے تربیتی پروگرام شروع کرنے چاہئیں، جس میں کان کنی اور معدنیات کی ترقی پر توجہ دی جائے یہ مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع کے لیے تیار کرے گا اور صوبے کو اپنے وسائل سے فائدہ اٹھانے کے قابل بنائے گا۔ کمیٹی کے رکن زابد علی ریکی نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے کی غربت کو مدنظر رکھتے ہوئے ریکوڈک سے 25 فیصد آمدن بلوچستان کے غریب لوگوں کے لئے مختص کرے۔ اراکین اسمبلی نے 18 ویں ترمیم کا حوالہ دیتے ہوئے اس پر سوال اٹھایا اور کہا کہ صوبوں کو اپنے وسائل کا انتظام کرنے کا اختیار دیتی ہے اور متعلقہ محکمہ اس پر کام کریں

پولیو ورکرز کی انتھک محنت سے بلوچستان میں مرض پر قابو پا لیں گے، کمشنر قلات

ہر مکتبہ فکر کے لوگوں کو اس موذی مرض سے نجات اور اپنے بچوں معزوری سے بچانے کیلئے جدوجہد کو اپنانا ہوگا، نعیم بازئی

ملک میں پولیو وائرس کی موجودگی ایک المیہ، وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے شہروں گلی محلوں سے خاتمہ کرنا ہوگا، خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) پولیو وائرس سے خاتمہ ایک ڈراؤنا خواب بن چکا ہے ہر طبقہ ہر مکتبہ فکر کے لوگوں کو اس موذی مرض سے نجات کے لئے اور اپنے بچوں کو زندگی بھر کی معزوری سے بچنے کے لئے ہمہ وقت جدوجہد کو اپنانا ہوگا آئیں اس عہد کا اعادہ کریں کہ اپنے ملک سے پولیو وائرس کا خاتمہ کرکے دم لینگے ان خیالات کا اظہار کمشنر قلات ڈویژن نعیم خان بازئی نے پولیو کے عالمی دن کے موقع پر سہیل الرحمن ہال میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز کی کاوشیں اور جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں آج ....

بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں تسلیم کرنا ہوگا کہ پولیو ورکرز کی دن رات جان فشانی سے محنت اور لگن کی وجہ سے پولیو جیسے موذی مرض تک کافی حد تک قابو پانے میں کامیاب ہو چکے ہیں آج ہم بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ورکرز اور ورکرز کیساتھ تعاون کرنے والے شہریوں کو اسناد و ایوارڈ ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اس موذی مرض سے نجات کے لئے تمام طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو اس کے خلاف عملی اقدامات کرنے ہونگے انہوں نے کہا کہ ملک میں پولیو وائرس کی موجودگی ایک المیہ ہے ایک بھیانک اور ڈراؤنا خواب کی طرح ہے جسے وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اپنے شہروں گلی محلوں دیہاتوں سے خاتمہ کرنا ہوگا کمشنر قلات ڈویژن نے کہا کہ اس وائرس کی موجودگی ہمارے رویوں کے سبب ہے

[illegible]

کوئٹہ (ڈان) ضلعی انتظامیہ نے عوام کو درپیش خطرات کے پیش نظر ہزار گنجی ٹرک اڈے میں موجود منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کی اس موقع پر 10 پیٹرول پمپس سیل کر دیئے گئے ضلعی انتظامیہ نے عوامی شکایات کی بناء پر ہزار گنجی ٹرک اڈے کا دورہ کیا جہاں ....

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول پمپس رش والی جگہوں جگہوں پر موجود تھے جس سے انسانی زندگی کو شدید خطرات لاحق اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) ماریہ شمعون نے ہزار گنجی ٹرک اڈے میں قائم تمام منی پیٹرول پمپ سیل کر دیے اور انہیں سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے تنبیہ کی کہ آئندہ کسی بھی جگہ جہاں رش زیادہ ہو وہاں منی پیٹرول پمپ کھولنے کی اجازت نہیں ہوگی خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: JANG QUETTA
Bullet No. 3 Dated: 25 OCT 2024 Page No. 15

قلعہ سیف اللہ میں قبائلی رہنما پر قاتلانہ حملہ بزدلانہ فعل ہے، جمعیت

دہشت گردی کی کارروائیوں سے قیام امن کیلئے ہمارے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے ترجمان دلاور خان کاکڑ نے قلعہ سیف اللہ میں قبائلی رہنما پر ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قبائلی رہنما پر دہشت گردانہ حملہ بزدلانہ فعل ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ دہشت گردی کی کارروائیوں سے امن کے قیام کے لئے ہمارے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا واقعہ میں ملوث عناصر اور انکے سرپرستوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔ انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

26 ویں ترمیم کیخلاف کھڑے ہونے پر FIR کا تحفہ ملا، اختر مینگل

یہ ایف آئی آر میرے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں، حکمران بتائیں انکو میری گرفتاری کہاں مطلوب ہے، ایکس پر پیغام

بیلہ (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے کہا ہے کہ مجھے بے حد فخر ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف کھڑے ہونے پر میرے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے جو کسی اعزاز سے کم ہرگز نہیں۔ سوشل میڈیا کی ایکس سائٹ پر پیغام میں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے یہ خوبصورت تحفہ انہیں دبئی میں لینڈ کرتے وقت ملا، اگر پہلے سے اس کا علم ہوتا تو اپنی پرواز ہی منسوخ کر دیتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے بتایا جائے کہ میری گرفتاری اسلام آباد، کوئٹہ، پنڈی یا لاہور میں سے کس ایئرپورٹ پر مطلوب ہے۔ دریں اثناء نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کی منظوری کے لئے ووٹ نہ دینے کی پاداش میں ہمارے 2 سینٹرز کو غائب کیا گیا اور میں سینیٹ کی گیلری میں موجود تھا جب مجھے وہاں کے اسٹاف نے زبردستی دھکے دیکر نکالا کہ ہماری نوکری کا مسئلہ ہے آپ چلے جائیں اس کی شکایت چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور سیکرٹری سینیٹ کو کی گئی لیکن انہوں نے کوئی نوٹس نہیں لیا سینیٹ میں بیٹھنے کیلئے گیلری اور لابی میں بھی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ نیک نیتی سے ملک میں سیاست کی ہے لیکن حکمرانوں کی فطرت میں ہمارے ساتھ دغا اور بے وفائی کے ساتھ سلوک روا رکھا گیا ہے۔ اب پاکستان میں سیاست کی کوئی گنجائش نہیں جن قوتوں نے میرے والد کی حکومت گرائی اور انہیں جلا وطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور کیا ہمارے لئے اب ان حالات میں جب سینیٹرز منتخب نمائندوں کو غائب کر کے مرضی کے نتائج حاصل کئے جاتے ہوں تو ان حالات میں پاکستان میں سیاست کا کوئی مستقبل نہیں ہے۔

اختر مینگل اور دیگر کے خلاف مقدمہ حکومتی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے، بی این پی

حکمرانوں کی خام خیالی ہے کہ اسلام آباد میں مقدمات سے ہمارے حوصلے پست ہوں گے، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں پارٹی کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل، سابق ایم پی اے اختر حسین لانگو، سابق ایم پی اے احمد نواز بلوچ، بکری شفقت لانگو، ایم پی اے جہانزیب مینگل، شفیع مینگل کیخلاف اسلام آباد میں مقدمے کے اندراج کی مذمت کرتے ہوئے اسے حکمرانوں اور اسٹیبلشمنٹ کی بوکھلاہٹ کا نتیجہ قرار دیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل جو اس وقت دبئی میں ہیں اور ایف آئی آر سے متعلق لاعلم تھے نام نہاد حکمران انٹرپول کے ذریعے انہیں واپس لانے کیلئے اپنی صلاحیتیں ذائل نہ کریں صرف یہ کہیں کہ کس دن کس وقت کس ایئرپورٹ سے پارٹی قائد کو گرفتار کرنا چاہتے ہیں پارٹی قائد خود آ جائیں گے راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل خود بھی سالوں پنجاب کے زندانوں میں قید رہے ایوب خان اور ضیاء الحق کے باقیات کو یہ علم ہونا چاہئے کہ جیل، مقدمات ہمارے لئے کوئی نئی بات نہیں مقدمہ ان کے خلاف ہونا چاہئے تھا جنہوں نے ہمارے سینیٹرز کو حبس بے جا میں رکھا زندانوں میں انہیں ذہنی کوفت سے دوچار کیا آئینی ترمیم سے قبل پارٹی رہنماؤں کے اغواء سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف، بلاول بھٹو زرداری، مولانا فضل الرحمان کو آگاہ بھی کیا گیا تھا لیکن انہوں نے اس جانب توجہ نہیں دی۔ بیان میں کہا گیا کہ حکمران اس خام خیالی میں نہ رہیں کہ اسلام آباد میں مقدمہ درج کرنے سے پارٹی قیادت کے حوصلے پست ہوں گے بیان میں کہا گیا کہ ہم ان حکمرانوں کی طرح نہیں جو مقدمات یا ایف آئی آر درج ہونے کے بعد علیل ہو جاتے ہیں اور سعودی عرب یا لندن علاج کی غرض سے پہنچ جاتے ہیں بلوچ اکابرین کی اپنی ایک تاریخ رہی ہے انہوں نے اصولوں کی خاطر جان تک قربان کر دی جیل، زندان، ٹارچر سیل کی ہمارے سامنے کوئی وقعت نہیں اہل دانش، اہل قلم اکثر یہ کہتے ہیں کہ بلوچوں کو چاہئے کہ وہ معاملات کو مذاکرات، گفت و شنید کے ذریعے حل کریں اب تو عالم یہ ہے کہ بلوچستان کی سب سے بڑی قوم پرست سیاسی جماعت کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سینٹ جا کر اپنے اغواء شدہ سینیٹرز کو ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں اور جب حکمرانوں کی چوری پکڑی جاتی ہے اور سیکورٹی حصار میں ہمارے دو سینیٹرز کو سینٹ اجلاس میں لایا جاتا ہے جن کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکی ہے جس سے نام نہاد جمہوریت کا بھانڈا پھوٹ جاتا ہے ایوان بالا کے ممبران کو بھی اغواء برائے ووٹ کی غرض سے لاپتہ کیا جاتا ہے ان کے اہل خانہ کو ذہنی کوفت سے دوچار کیا جاتا ہے یہ ناروا عمل حکمرانوں کیلئے جگ ہنسائی کا سبب بنا بیان میں کہا گیا کہ پارٹی کے مرکزی صدر اس وقت ایوان کے ممبر ہیں ان کا استعفیٰ اب تک قبول نہیں کیا گیا بلوچستان کے عوامی نمائندوں کی قدر و منزلت اسلام آباد کے ایوانوں میں بیٹھے حکمرانوں کے سامنے یہ ہے کہ بلوچستانی قیادت اب بات بھی نہ کر سکے۔ اگر بات کی گئی تو ان کے خلاف ایسے من گھڑت مقدمات قائم کئے جاتے ہیں۔

شیخ زید ہسپتال میں سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سنی علماء کونسل

ڈاکٹرز، عملہ، ادویات اور ٹیسٹ نہ ہونے کی وجہ سے مریض مایوس لوٹ جاتے ہیں، مولانا رمضان مینگل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ شیخ زید ہسپتال میں ڈاکٹرز، عملہ، ادویات اور ٹیسٹ نہ ہونے کی وجہ سے لوگ ہسپتال کا چکر لگا کر مایوس ہو کر واپس لوٹ جاتے ہیں مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات ان کے دہلیز پر نہیں مل رہی جس کی وجہ سے ان کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے حکومت ادویات کی عدم دستیابی اور ٹیسٹ نہ ہونے کا نوٹس لیکر مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، بیان میں انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ غریب عوام کی حالت زار پر رحم کر کے شیخ زید ہسپتال مستونگ روڈ میں عملے کی حاضری، ادویات اور ٹیسٹ کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں کیونکہ ہسپتال نیشنل ہائی وے روڈ پر ہونے کی وجہ سے کئی دفعہ حادثات کے مریضوں کو بھی لایا جاتا ہے شعبہ حادثات میں بھی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سریاب کا علاقہ گنجان اور غریب لوگوں پر مشتمل آبادی ہے قریبی ہسپتال میں سہولیات کی عدم دستیابی کی وجہ سے، سول اور بی ایم سی ہسپتال تک کرایہ اور علاج کے دیگر اخراجات پورے نہیں کر سکتے ہیں غریب عوام کی حالت زار پر رحم کر کے مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Buliet No. 3

Dated 25 OCT 2024

Page No. 16

جعلی حکومت کو آئین میں ترمیم کرنیکا اختیار حاصل نہیں، پشتونخوا نیپ

نئے عمرانی معاہدے کے تحت آئین بنایا جائے، غیر آئینی اقدام عوام قبول نہیں کر سکتے، مرکزی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیپ کے مرکزی بیان میں 26 ویں آئینی ترمیم کو 18 ویں ترمیم اور عدلیہ کی آزادی کے خاتمے کا غیر آئینی اقدام قرار دیتے ہوئے مسترد کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ 2010 میں تمام سیاسی پارٹیوں نے اتفاق رائے سے اٹھارویں ترمیم کے ذریعے 1973 کے آئین کے 101 آرٹیکلز میں ترمیم کر کے ملک کے اقوام و عوام کے فیڈریشن کو جمہوری بنانے، وفاقی وحدتوں کو ایک حد تک صوبائی خودمختاری اور اپنے قدرتی وسائل پر قومی حق ملکیت دلانے کی آئینی ضمانتیں فراہم کیں لیکن حکمرانوں نے گزشتہ دہائی کے دوران متعدد غیر آئینی اقدامات کے ذریعے اٹھارویں ترمیم پر عمل درآمد کو روکنے کے بعد اسٹیبلشمنٹ کی ایما پر 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے اٹھارویں آئینی ترمیم کے خاتمے اور آئین کے بنیادی ڈھانچے کو یکسر تبدیل کرنے اور عدلیہ کو اسٹیبلشمنٹ کے ماتحت ادارہ بنانے کا غیر آئینی اقدام اٹھایا ہے جس کو اس ملک کے اقوام و عوام کسی بھی صورت میں قبول نہیں کر سکتے۔ آئین کے بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کرنے کا اختیار موجودہ پارلیمنٹ کو بھی حاصل نہیں، مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ آئین کے تین بنیادی ستون ہیں، آئین کے بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کرنے کیلئے آئین ساز اسمبلی کا انتخاب عمل میں لانا ہوگا۔ بیان میں کہا گیا کہ فارم 47 کی غیر نمائندہ حکومت اور نامکمل پارلیمنٹ کو آئین میں ترمیم کرنے کا اختیار ہرگز حاصل نہیں ہے، موجودہ پارلیمنٹ میں پشتونخوا کے سینیٹ کے نمائندگان اور تحریک انصاف کی خصوصی نشستوں کی خواتین اور اقلیتوں کے نمائندگان شامل نہیں ہیں اور یہ جعلی حکومت نے بدترین ہارس ٹریڈنگ، اغوا، بلیک میلنگ اور اربوں روپے کی رشوت اور حکومتی طاقت سے ترمیم کو پاس کیا اس غیر آئینی اقدام کو آئینی ترمیم نہیں کہا جا سکتا۔

امن اور انصاف کے ادارے ناکام، عوام کہاں جائیں، ہدایت الرحمٰن

لاپتہ افراد، وسائل کی عدم فراہمی، بے روزگاری، بدعنوانی بلوچستان کے بڑے مسائل ہیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ممبر بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول ظلم و جبر لاقانونیت، بدعنوانی کے خلاف ہر فورم پر جدوجہد کر رہا حق دو بلوچستان، عوام نوجوان حقوق کے حصول ظلم و جبر کے خلاف مزاحمت کیلئے جماعت اسلامی کی ممبر شپ حاصل کریں سب ناکام ہوئے جماعت اسلامی مظلوم عوام کو حقوق دلا کر ظلم و جبر لاقانونیت اور ناانصافی کرنے والوں کو بے نقاب کرے گی، سیکیورٹی فورسز سیکورٹی کے علاوہ سب کچھ کر رہی ہے، بدقسمتی سے امن قائم کرنے والے امن کے قیام، انصاف کی فراہمی کرنے والے انصاف دلانے میں ناکام، احتساب کرنے والے احتساب کرنے میں ناکام ہیں ان حالات میں عوام کدھر جائیں۔ لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، وسائل کی عدم فراہمی بے روزگاری، بدعنوانی بلوچستان کے بڑے مسائل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں صوبائی سیاسی کمیٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء عبدالمتین اخوندزادہ، زاہد اختر بلوچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹریز نورالدین غلوکی، صابر صالح پانیزئی، نومنتخب امیر ضلع کوئٹہ حافظ عبدالنعیم رند، غلام فاروق مہمند نے شرکت کی اس موقع پر حق دو عوام کو تحریک کو منظم کرنے آئندہ لائحہ عمل، ناانصافی، بدعنوانی، حقوق کی عدم فراہم کے حوالے سے تحریک چلانے کیلئے منصوبہ بندی و مشاورت کی گئی۔ شرکاء نے کہا کہ جمہوریت اور عسکریت کی لڑائی میں عوام نوجوانوں اور قوم کا نقصان ہو رہا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

جسٹس یحییٰ آفریدی غیر قانونی چیف جسٹس کا عہدہ قبول نہ کریں، بلوچستان بار

موجودہ نائب چیف جسٹس کی تقرری سینیارٹی کے اصولوں کے خلاف ہے مسترد کرتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بار کونسل کے جاری ایک بیان میں 26 ویں آئینی ترمیم جو ملک بھر کے وکلاء تنظیموں، سول سوسائٹی، انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان سمیت ہر مکاتب فکر کے لوگوں نے اس آئینی ترمیم کو آزاد عدلیہ پر حملہ قرار دے کر مسترد کر دیا تھا جس کے خلاف ملک گیر وکلاء کنونشن کا انعقاد ہوا امات کی تاریکی میں اراکین پارلیمنٹ کو اغوا کر کے ہارس ٹریڈنگ کے ذریعے جبری طور پر آئین میں ترمیم کی جنہوں نے سینیارٹی اصولوں ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کے برعکس من پسند چیف جسٹس آف پاکستان کی تعیناتی سے سپریم کورٹ پر حملہ کیا بیان میں کہا کہ جسٹس منصور علی شاہ سپریم کورٹ کے سینئر جسٹس کے علاوہ کسی دوسری تیسرے جج کو بطور چیف جسٹس آف پاکستان قبول نہیں کریں گے بیان میں جسٹس یحییٰ آفریدی سے مطالبہ کیا کہ وہ غیر قانونی طور پر چیف جسٹس کا عہدہ قبول نہ کریں ملک بھر کی وکلاء تنظیموں نے آئینی ترمیم مسترد کر دیا کیونکہ چیف جسٹس کی تقرری سینیارٹی کے خلاف ہے اسے مسترد کرتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated 25 OCT 2024 Page No 17

سردار اختر مینگل سمیت BNP رہنماؤں کیخلاف دہشتگردی کا مقدمہ درج

اختر مینگل کے ساتھ دیگر 15 افراد نے مسلح ہو کر سینیٹ ہال میں زبردستی گھسنے کی کوشش کی، متن مقدمہ

اسلام آباد (جنگ نیوز) بلوچستان نیشنل پارٹی [illegible] سردار اختر مینگل [illegible] مقدمہ درج کر لیا گیا [illegible] سینیٹ ہال میں [illegible]

گوادر: پہاڑیوں سے لاش برآمد

گوادر (آن لائن) گوادر پہاڑیوں سے ایک شخص کی نعش برآمد، تفصیلات کے مطابق [illegible] گوادر پولیس نے [illegible] کے قریب پہاڑیوں سے ایک شخص کی نعش برآمد کی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، نعش کی شناخت پرویز کے نام سے کی گئی، نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

قلعہ سیف اللہ: موٹر سائیکل بم دھماکہ، قبائلی رہنما سمیت 6 افراد زخمی

دھماکے کے وقت حاجی محبوب خان جوگیزئی ایک دکان میں دوستوں کے ہمراہ کھانا کھا رہے تھے، دھماکے سے قریبی دکانوں کو نقصان پہنچا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر، نامہ نگار) قلعہ سیف اللہ جنکشن چوک پر موٹر سائیکل میں بم دھماکہ، قبائلی رہنما نوابزادہ محبوب جوگیزئی سمیت 6 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے موٹر سائیکل میں دھماکہ خیز مواد نصب کر کے موٹر سائیکل قلعہ سیف اللہ جنکشن چوک پر ایک دکان کے سامنے کھڑی کر دی تھی اسی دوران قبائلی رہنما حاجی محبوب خان جوگیزئی جو اپنے دوست کی دکان میں دیگر دوستوں کے ہمراہ کھانا کھا رہے تھے کہ موٹر سائیکل میں نصب بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ دھماکہ اتنا شدید تھا جس کی آواز دور دور تک سنی گئی دھماکے کے نتیجے میں حاجی محبوب خان جوگیزئی سمیت چھ افراد [illegible] سلطان محمد، گلاب خان زخمی ہو گئے اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں طبی امداد کے بعد زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کر دیا گیا بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق نامعلوم افراد نے دو کلو دھماکہ خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا تھا دھماکے کے باعث دو موٹر سائیکلوں اور قریبی دکانوں کو شدید نقصان پہنچا۔

کاہان میں قبائلی رہنما کے گھر پر 5 مارٹر گولے فائر

کوہلو (آئی این پی) تحصیل کاہان میں قبائلی رہنما اختر شیرانی کے گھر پر نامعلوم سمت سے پانچ مارٹر گولے فائر کئے گئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

اوستہ محمد: گھریلو ناچاقی پر اسکول ٹیچر کا قتل، ملزمان فرار

پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کردی، لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد کے علاقے میں گھریلو ناچاقی کی بنا پر شوہر نے بھائی کے ساتھ مل کر سرکاری اسکول ٹیچر کو ہتھوڑے سے وار کر کے قتل کر دیا۔ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے علاقے پولیس تھانہ کینال فارم کی حدود میں گوٹھ بادل خان کے مقام پر شوہر امداد علی نے اپنے سالے کے ہمراہ ہتھوڑی سے وار کر کے سرکاری اسکول کی پرنسپل کو قتل کر دیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

کوئٹہ: قمبرانی روڈ فائرنگ کے دو واقعات میں ایک شخص ہلاک، دو زخمی

موٹر سائیکل پر فائرنگ سے ایک ہلاک اور ایک زخمی ہوا دوسرے واقعے میں گھر کے سامنے کھڑے شخص کو گولی ماری گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قمبرانی روڈ پر فائرنگ کے دو واقعات میں ایک شخص جاں بحق دو زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق قمبرانی روڈ کے رہائشی ذیب اور کامران گزشتہ شب موٹر سائیکل پر گھر جا رہے تھے کہ نامعلوم افراد ان پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ سے ذیب موقع پر ہی جاں بحق جبکہ کامران شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس نے لاش اور زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثہ کے حوالے کر دی گئی جبکہ قمبرانی روڈ کے علاقے کلی شریف آباد کا رہائشی غلام دستگیر ولد قلندر بخش گزشتہ شب اپنے گھر کے باہر کھڑا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں وہ زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا، پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

کوئٹہ: بچوں کو اغواء کرنے والے گروہ کا کارندہ گرفتار

بچوں کو اغواء کر کے سندھ و پنجاب میں 5 سے 10 لاکھ میں فروخت کرتے ہیں، ملزم یاسر کا اعتراف

کوئٹہ (اے این این) پولیس نے کوئٹہ سے بچوں کو اغواء کرنے والے گروہ کا کارندہ گرفتار کر لیا، گروہ بچوں کو اغواء کر کے سندھ اور پنجاب میں پانچ سے دس لاکھ روپے میں فروخت کرتا ہے، پولیس کے مطابق سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے غوث آباد میں واقع شمس المدارس مدرسہ کے قریب ایک اغواء کار بچے کو اغواء کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ اہل علاقہ نے ملزم کو پکڑ کر زدوکوب کرنے کے بعد پولیس کے حوالے کیا، پولیس کے مطابق گرفتار ملزم یاسر نے ابتدائی تفتیش ....

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

میں اعتراف کیا ہے کہ وہ اور اس کے ساتھی سیٹلائٹ ٹاؤن، مشرقی بائی پاس اور سریاب کے مختلف علاقوں سے تین سے چھ سال کے بچوں کو اغواء کر کے انہیں سندھ اور پنجاب لے جا کر پانچ سے دس لاکھ روپے میں فروخت کرتے ہیں، پولیس ذرائع نے بتایا ہے کہ ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا ہے کہ مختلف علاقوں سے اب تک ایک درجن سے زائد بچوں کو اغواء کیا گیا ہے، ملزم نے دوران تفتیش اپنے ساتھیوں کی نشاندہی کی ہے جن کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپے مار رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 25 OCT 2024 Page No. 18

صوبائی دارالحکومت کے اکثر علاقوں میں ڈبل پارکنگ ٹریفک جام معمول بن گیا

وسطی علاقوں میں نجی ہسپتالوں کے سامنے گاڑیوں اور رکشوں کے ہجوم کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے اکثر علاقوں میں ڈبل پارکنگ کے باعث بدترین ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا، ہسپتالوں کے باہر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ جانے سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تفصیلات کے مطابق شہر میں ڈبل پارکنگ کے باعث سڑکوں پر ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے جبکہ سب سے زیادہ گمبھیر صورتحال شہر کے وسطی علاقوں میں قائم نجی ہسپتالوں کے باہر گاڑیوں اور رکشوں کے ہجوم کے باعث ہوتی ہے اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں ہسپتالوں میں مریض کا داخل ہونا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے عوامی و سماجی حلقوں نے ڈی ایس پی ٹریفک [illegible] کرائے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ٹریفک کی روانی [illegible] کے لیے [illegible] والوں کے خلاف [illegible] کارروائی عمل میں لائی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

کوہلو: عطائی ڈاکٹرز انسانی جانوں سے کھیلنے لگے

خواتین کو علاج معالجے کی سہولیات دستیاب نہ ہونے سے دوران زچگی اموات کی شرح میں اضافہ ہوا ہے

مختلف مراکز صحت میں نصف درجن لیڈی میڈیکل آفیسرز تعینات ہیں جو گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں، رپورٹ

کوہلو (نامہ نگار) ضلع کوہلو میں عطائی لیڈی ڈاکٹرز انسانی جانوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں محکمہ صحت کے افسران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، بااثر شخصیات کی پشت پناہی سے رواں سال درجن بھر سے زائد خواتین اور ان کے بچے دوران زچگی موت کے منہ میں چلے گئے۔ بھاری بھرکم فیسوں سے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کوہلو میں خواتین کو علاج معالجے کی سہولیات دستیاب نہ ہونے اور عطائی ڈاکٹروں کے باعث دوران زچگی اموات کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔ ضلع کے مختلف مراکز صحت میں نصف درجن لیڈی میڈیکل آفیسرز تعینات ہیں جو گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں محکمہ صحت کے افسران ان لیڈی میڈیکل آفیسرز سے ڈیوٹی لینے سے بے بس ہو گئے ہیں دوسری جانب لیڈی میڈیکل آفیسرز نہ ہونے سے خواتین کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے شہر کے مختلف مقامات پر بغیر کسی این او سی کے پنجاب سے آنے والے غیر تربیت یافتہ عطائی لیڈی ہیلتھ ورکر اور دائیوں نے کلینکس قائم کر کے شہریوں کو بے دردی سے لوٹنا شروع کر دیا ہے۔ رواں سال ان عطائی لیڈی ڈاکٹروں کے ہاتھوں درجن بھر سے زائد خواتین اور نومولود بچے دوران زچگی موت کی منہ میں چلے گئے ہیں۔ دوسری جانب محکمہ صحت کے افسران نے موت بیچنے والے گروہ کے خلاف آنکھیں بند کر دی ہیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سے جب اس حوالے سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کوئی بھی موقف دینے سے انکار کر کے لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیڈی میڈیکل آفیسرز کی ڈیوٹی سے غیر حاضری اور عطائی ڈاکٹروں کی پشت پناہی بااثر افراد کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں محکمہ صحت کے افسران بے بس ہیں۔ حکومت کی جانب سے بہتر علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کے بلند وبانگ دعوے تو کئے جا رہے ہیں مگر عملی اقدامات صفر ہیں۔ کوہلو کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، صوبائی سیکرٹری محکمہ صحت، کمشنر سبی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر کوہلو سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ غیر حاضر لیڈی میڈیکل آفیسرز کی حاضری اور عطائی ڈاکٹروں کے خلاف فوری کارروائی کر کے شہریوں کو صحت کے معیاری سہولیات فراہم کئے جائیں۔

گرینڈ یوتھ فیسٹیول ایک خوش آئند اقدام ہے، میر چاکر خان رند یونیورسٹی

سبی (یو این اے) میر چاکر خان رند یونیورسٹی سمیت دیگر اسکولوں کے طلبا وطالبات نے کہا ہے کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی اور ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے باہمی اشتراک سے گرینڈ یوتھ فیسٹیول ایک خوش آئند اقدام ہے جسکی جتنی تعریف کی جائے کم ہے طلبا وطالبات کے پڑھائی کے ساتھ ساتھ ذہنی نشوونما کرنا بھی ضروری ہے اس طرح کے ایونٹ کرانے سے طلبا وطالبات کے ذہن تروتازہ ہوتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے کا عزم قابل ستائش ہے!

بلوچستان ملک کا سب سے بڑا اور منتشر آبادی پر پھیلا ہوا صوبہ ہے، اس خطے میں ترقی کیلئے مقامی حکومتوں کا ماڈل ہی کامیاب رہتا ہے۔ مقامی نمائندے اپنے حلقوں کے مسائل سے بخوبی واقف رہتے ہیں جبکہ مقامی لوگ اپنی شکایات با آسانی بلدیاتی نمائندگان تک پہنچا سکتے ہیں۔ بلوچستان میں مسائل کی بڑی وجہ بلدیاتی اداروں کو فنڈز کی کمی اور اختیارات کا محدود ہونا ہے۔ بلدیاتی نمائندگان کو اکثر یہی گلہ رہتا ہے کہ صوبائی اور قومی اسمبلی کے اراکین ان کے کاموں میں مداخلت کرتے ہیں جبکہ فنڈز کے معاملے پر بھی اختلافات کا سامنا رہتا ہے، من پسند حلقوں کو زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔ اگر بلدیاتی اداروں کو مکمل آزادی کے ساتھ کام کرنے دیا جائے اور فنڈز کا صحیح استعمال کیا جائے تو بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں صحت، تعلیم، پانی، سیوریج سمیت دیگر مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے بلدیاتی اداروں کے ترقیاتی فنڈز 100 فیصد بڑھانے کا اعلان ایک انقلابی قدم ہے۔ اگر فنڈز کا استعمال منصفانہ اور ایمانداری کے ساتھ کیا جائے تو بلوچستان کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل حل ہو جائینگے جن کا شکوہ ہر وقت عوام کرتے آئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ وسائل کے درست استعمال اور کرپشن کی روک تھام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے کیونکہ فنڈز کا اجرا کارکردگی سے مشروط ہوگا۔ صوبے بھر کے چیئرمین، ضلع کونسلز اور میونسپل کارپوریشنز سمیت بلدیاتی اداروں کے سربراہان نے ایک ملاقات میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو بلدیاتی نمائندوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبہ کے بلدیاتی اداروں کے ترقیاتی فنڈز 100 فیصد بڑھانے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا کہ فنڈز کا اجرا کارکردگی سے مشروط ہوگا لہذا وسائل کے درست استعمال اور کرپشن کی روک تھام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بلدیاتی اداروں کے سربراہان کو کرپشن کے تدارک، صفائی ستھرائی، پاکستانیت کے فروغ اور اسکولوں اور اسپتالوں میں اسٹاف کی حاضری کو مانیٹر کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ بلدیاتی اداروں میں کرپشن کی روک تھام کے لیے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل کر موثر میکنزم تشکیل دیا جائے، انہوں نے محکمہ خزانہ کو ہدایت کی کہ بلدیاتی اداروں کے فنڈز مالی سال کے دوران 2 اقساط میں جاری کیے جائیں۔ ترقیاتی منصوبے زمین پر نظر آنے چاہئیں کیونکہ ان کا غیر جانبدار تھرڈ پارٹی سے معائنہ کروایا جائے گا، کرپشن ناقابل قبول، مصدقہ شکایات پر ملوث کونسلز و کارپوریشن کو فنڈز کا اجرا روک دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس اہم فیصلے کے یقیناً مثبت اثرات بلوچستان کے تمام اضلاع میں دکھائی دینگے خاص کر کارکردگی کی بنیاد پر فنڈز کی فراہمی سے کرپشن کا دروازہ بند ہوگا۔ مقامی نمائندگان کو بھی اپنی کارکردگی دکھانا کا بہترین موقع ملا ہے جس سے وہ اپنے حلقوں کی حالات میں بہتری لا سکتے ہیں جس سے انہیں اپنے حلقوں میں زبردست پذیرائی ملے گی لیکن اولین ترجیحات میں بنیادی مسائل کا حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یہ موقع دے کر بلدیاتی نمائندگان کی حوصلہ افزائی کی ہے اس امید کے ساتھ کہ وہ بلوچستان کے مسائل کو حل کریں گے اور ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس اقدام کی قدر کرتے ہوئے بلدیاتی نمائندگان سنجیدگی کے ساتھ اپنے عوام کی مخلصانہ انداز میں خدمت کریں، پسند و ناپسند سے گریز کرتے ہوئے اپنے تمام حلقوں کو اہمیت دیتے ہوئے مثال قائم کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated 25 OCT 2024 Page No. 20

حکومتی بندر بانٹ، گورنمنٹ کنٹریکٹرز کا شاہراہ بند کرکے احتجاج

محکمہ بی اینڈ آر میں دریائے ژوب پر دو پلوں کی تعمیر کے لیے کروڑوں روپے کے ٹینڈرز کی مبینہ بندر بانٹ کے خلاف گورنمنٹ کنٹریکٹرز نے گزشتہ روز احتجاج کرتے ہوئے بی اینڈ آر کے دفتر کے باہر ٹائر جلا کر ڈی آئی خان شاہراہ بند کر دی۔ احتجاج میں شامل کنٹریکٹرز کا کہنا تھا کہ حکومت نے بااثر شخصیات کے من پسند افراد کو ٹینڈرز کی بندر بانٹ کر کے کروڑوں روپے کی پیشگی ادائیگی بھی کر دی ہے۔ اس کے علاوہ اس بندر بانٹ کے پیچھے بھاری کمیشن بھی ہے جس کے باعث ان پلوں کی تعمیر کا معیار انتہائی ناقص ہوتا ہے اور معمولی سا سیلابی ریلا بھی ان پلوں کو بہا کر لے جاتا ہے۔ حکومت پر لگائے گئے ان الزاموں میں کتنی صداقت ہے یہ سو فیصد یقین سے کوئی کہہ نہیں سکتا لیکن اب تو وہ شخصیات بھی بلوچستان حکومت پر کے الزام لگا رہی ہیں جو ماضی میں خود حکومتوں کا حصہ رہی ہیں۔ جماعت اسلامی کے امیر بلوچستان نے بھی اسی قسم کے الزامات لگائے ہیں۔

حقائق کو جاننے کے دو طریقے ہوتے ہیں، ایک یہ کہ جس نے جو کام کیا ہے وہ خود اس حوالے سے تصدیق کر دے یا پھر زمینی حقائق دیکھے جاتے ہیں، مثال کے طور پر اگر کوئی عمارت ایک کروڑ میں تعمیر ہو سکتی ہے اور اگر کوئی اس پر دس کروڑ روپے لگا دے، تو پھر یقیناً عمارت تو دس کروڑ میں تعمیر نہیں ہوئی الٹا 8 سے 9 کروڑ روپے کسی اور ہی کی جیب میں گئے ہیں۔ یہی حال پورے پاکستان کی سڑکوں، پلوں اور دیگر سرکاری عمارتوں کی تعمیرات کا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت میں آنے سے قبل سیاستدانوں اور ان کی اہل خانہ کی جائیدادیں نوٹ کی جائیں اور اقتدار میں آنے کے بعد ان ہی سیاستدانوں اور ان کے اہل خانہ کی جائیدادوں کا جائزہ لیا جائے تو زمین آسمان کا فرق نظر آتا ہے، گو کہ پاکستان میں برسوں سے اقتدار پر قابض بھٹو خاندان، زرداری خاندان، شریف خاندان اور دیگر نے کبھی کرپشن کا اعتراف نہیں کیا اور نہ ہی کسی مجرم نے کبھی اپنے جرم کا برملا اظہار کیا ہے لیکن زمینی حقائق کچھ اور ہی بتاتے ہیں۔ جتنی رقم پاکستان میں آج تک ترقیاتی اور دیگر منصوبوں پر لگ چکی ہے، اگر اس کا جائزہ لیں تو اس وقت پاکستان کو دنیا کا جدید ترین اور صاف ستھرا ترین ملک ہونا چاہیے تھا، لیکن ایسا ہے نہیں، حالت تو یہ ہے کہ سندھ اور بلوچستان تو آج سے بیس سال قبل زیادہ بہتر تھے۔

وفاقی حکومت، حکومت بلوچستان، وزیراعلیٰ اور وزرا کرپشن کے حوالے سے کچھ بھی کہیں لیکن سرکاری کنٹریکٹرز کا احتجاج کچھ اور ہی کہانی بیان کرتا ہے، کیونکہ کوئی بھی شخص اور خاص طور پر کاروباری شخصیت پہلے ہر طریقے سے معاملات کو طے کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ احتجاج تو ان کا آخری عمل ہوتا ہے، اب اگر سرکاری کنٹریکٹرز احتجاج پر اتر آئے ہیں تو یقیناً کچھ نہ کچھ گڑبڑ ہے، حکومت کو اس حوالے سے فوری طور پر اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ عوام کو بھی تسلی ہو سکے کہ ان سے جبراً وصول کیے گئے انتہائی بلند شرح پر ٹیکس کی رقوم کی بندر بانٹ نہیں ہو رہی بلکہ وہ ضروری اور جائز کاموں پر خرچ کی جا رہی ہیں، اور عوام کا یہ حق ہے کہ انہیں معلوم ہو کہ ان کی خون پسینے کی کمائی میں سے لیے گئے ٹیکس کی رقوم کہاں خرچ ہوتی ہیں۔ حکومت کسی بھی ترقیاتی یا دیگر منصوبے کی بندر بانٹ کو روکے اور مناسب ترین قیمت پر کاموں کو دیا جائے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily:
Bullet No 6
Dated: 25 OCT 2024
Page No. 21

وزیراعلیٰ بلوچستان کا بلدیاتی اداروں کے ترقیاتی فنڈز میں سو فیصد اضافے کا اعلان!

اس میں کوئی شک نہیں کہ میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے اس دن سے مسلسل عوامی مفاد کے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں ۔ان میں ایسے مسائل بھی شامل ہیں جو سابقہ حکومتوں کے ادوار میں نہیں ہوسکے لیکن انہوں نے برسر اقتدار آتے ہی ان کو حل کیا۔اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے گذشتہ روز انہوں نے بلدیاتی اداروں کے ترقیاتی فنڈز میں سو فیصد اضافے کا اعلان اور وسائل کے درست استعمال و کرپشن کی روک تھام کیلئے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمینٹ کے ساتھ ملکر موثر مکینزم تشکیل دینے کی ہدایت کی ہے۔بلدیاتی اداروں کو فنڈز کا اجراء کارکردگی سے مشروط ہوگا۔چیئر مین حضرات کرپشن کے تدارک صفائی، ستھرائی، سکولز و ہسپتال میں سٹاف کی حاضری کی مانیٹرنگ اور قومی سلامتی و یک جہتی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔وسائل کے درست استعمال اور کرپشن کی روک تھام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔محکمہ خزانہ بلدیاتی اداروں کے فنڈز مالی سال کے دوران دو اقساط میں جاری کریں اور کوئی غیر ضروری تاخیر نہ کی جائے۔بلدیاتی ادارے عوام کی دسترس میں ہیں اس لیے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے متحرک کردار ادا کریں ترقیاتی منصوبے زمین پر نظر آنے چاہئیں عوام کو ضروریات سے ہم آہنگ ترقیاتی منصوبے تشکیل دیئے جائیں جس کا فائدہ عام آدمی کو ہو۔عوامی وسائل کا ضیاع اور کرپشن قطعی طور پر قابل برداشت نہیں۔غیر جانبدار تھرڈ پارٹی سے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کروائیں گے۔مصدقہ شکایات اور رپورٹس پر ملوث کونسلرز و کارپوریشن کو فنڈز کا اجراء روک دیا جائے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلدیاتی اداروں کے ترقیاتی فنڈز میں سو فیصد اضافے کا اعلان قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ بلدیاتی ادارے بنیادی ہونے کے باعث بڑی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ان کی مضبوطی اہم ضرورت ہے کیونکہ اس سے عام عوام کے مسائل جلد حل ہونے میں بڑی مدد ملتی ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے مذکورہ بیان میں فنڈز کے حوالے سے جو ہدایات دی ہیں وہ تمام حقیقت پر مبنی ہیں ۔اس میں فنڈز کو جو ترقیاتی کاموں سے مشروط کیا ہے اس کا مقصد منصوبوں میں شفافیت لانا ہے کیونکہ ہمارے ہاں فنڈز میں اکثر کرپشن کا عنصر شامل ہوجاتا ہے جس کے باعث یہ منصوبے مکمل نہیں ہوتے اور اگر ہوجائیں تو یہ پائیدار نہیں ہوتے جو کہ یقیناً پیسوں کے ضیاع کے مترادف ہے اس کی روک تھام کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کی مذکورہ ہدایات اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ اس عمل میں شفافیت چاہتے ہیں جو کہ بلاشبہ عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔یہاں اس بات کا ذکر کرنا ازحد ضروری ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں تو اب تک بلدیاتی انتخابات سرے سے ہوئے ہی نہیں جبکہ صوبے کے باقی اضلاع میں نہ صرف انتخابات ہوگئے ہیں بلکہ ان اداروں نے کام بھی شروع کردیا ہے۔یہ کوئٹہ کے عوام کے لیے بہت بڑی زیادتی کے مترادف ہے جو بنیادی اہمیت کے حامل بلدیاتی اداروں کے قیام سے اب تک محروم ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جلد از جلد بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان کو بلدیاتی اداروں کے فنڈز میں سو فیصد اضافے کے عمل کی نگرانی خود کرنی چاہیئے تاکہ ان کا استعمال صحیح طریقے سے ہو۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily Balochistan Time Quetta
Bullet No 6
Dated 25 OCT 2024 Page No 22

Poorer districts in focus

It is distressing that out of 20 poorest districts of Pakistan 11 districts are from Balochistan, which is a mineral rich province, in terms of natural resources and smallest in terms of population. The poorest districts in Balochistan include Sherani, Kohlu, Jhal Magsi, Barkhan, Killa Abdullah, Zhob, Musakhel, Dera Bugti, Jaffarabad, Ziarat and Killa Saifullah. Lack of focus on the part of successive governments is also one of the main reasons behind poverty and backwardness of these districts. Though the name of Awaran district is not included in the list of poorest districts, it is also one of the poorer districts of Balochistan, which has been neglected in the development sector. Unfortunately, the district is also hit by the insurgency. Awaran district is also the constituency of former Chief Minister Balochistan Mir Abdul Qaddos Bezinjo. The plight of Awaran district still needs a lot of attention on the part of provincial and federal governments to compete with other districts of the province. The Ministry of Planning, Development and Special Initiatives had launched a five-year (2022-27) project comprising special development initiatives for the 20 poorest districts across Pakistan at the cost of Rs40 billion. Identified on the basis of scores in this Multidimensional Poverty Index (MPI). Five districts are from Sindh, three from Khyber Pakhtunkhwa, and one from Punjab. Many of these districts had been directly affected by last year's flood disaster, especially in Balochistan and Sindh. The prime objective of the initiative was to mitigate the poverty, backwardness and ensure basic facilities to the poorest districts of the country. However, the process of special initiatives for poorest districts are slow and the people of these districts particularly in Balochistan need prompt attention from authorities because the floods of monsoon last badly affected agriculture and livestock department which is the mainstay of the economy of Balochistan. As many 70 percent people of Balochistan are directly or directly involved with these sectors. To remove poverty and backwardness, it is essential that the government expedite its efforts to implement special initiatives by early releasing funds to the provinces and strictly bounding the provinces to ensure spending of funds purely on merit so that the living standard of people could improve. The former chief minister Balochistan unfortunately did not play a role to improve the plight of people of Awaran.

According to experts, it is also essential that the poor district should be uplifted through physical connectivity power, digital connectivity, productive sectors of livelihood and others.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated 25 OCT 2024

Page No. 23

گوادر بندرگاہ: زیادہ سکیورٹی اخراجات لیکن ٹھوس امکانات

خیالات

رسول بخش رئیس

پاکستان کی گوادر بندرگاہ گزشتہ دو دہائیوں سے چین، پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کا مرکزی حصہ ہونے کی بدولت قومی اور بین الاقوامی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ یہ بندرگاہ بیجنگ کے کئی ارب ڈالر کے بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے میں اپنی حیثیت کی وجہ سے بھی اہمیت رکھتی ہے۔

موجودہ دور میں گوادر کی اہمیت چینی سیاست کے تناظر میں اور وسطی ایشیا جانے والے نئے، محفوظ اور قابل اعتماد راستے کے طور پر اس کے کردار کو نئی پیش رفت سمجھا جا رہا ہے۔ پاکستانی رہنماؤں نے پاکستان کی آزادی کے ابتدائی برسوں میں ہی گوادر کی بندرگاہ کی سٹریٹجک اہمیت کو پہچان لیا تھا۔

اس وقت یہ بندرگاہی شہر اور ساحل کے ساتھ 15 ہزار 210 کلومیٹر کا علاقہ بحیرہ عرب کے اس پار سلطنت عمان کا حصہ تھے اور 174 سال تک عمان کے زیر انتظام رہے۔

مسقط نے مکمل طور پر انتظامی کنٹرول سنبھال رکھا تھا۔ وہ ٹیکس وصول کرتا، سکیورٹی فراہم کرتا اور خودمختار طاقت کے طور پر کام کرتا تھا۔ گوادر جغرافیائی طور پر جزیرہ تھا، جو پاکستانی سرزمین میں گھرا ہوا تھا اور اس کا عمان کے ساتھ صرف سمندری رابطہ تھا۔

بلوچستان کی نوابی ریاستوں میں سے ایک قلات کے تاریخی دعوؤں کی وجہ سے پاکستان کی اس علاقے پر نظر تھی لیکن 1958 تک اس کی حیثیت کو تبدیل کرنے کے لیے زیادہ کچھ نہیں کیا گیا۔ بات آگے بڑھی اور 1792 میں خان آف قلات نے یہ علاقہ جاگیر کے طور پر شہزادہ سلطان بن احمد کو تحفے میں دے دیا۔ سلطان بن احمد عمان سے فرار ہو کر آئے۔ انہوں نے والد کی حکومت کو چیلنج کرنے کی کوشش کی لیکن انہیں متزلزل کرنے میں ناکام رہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ خان آف قلات نے شہزادے پر احسان کرنے سے چند سال پہلے ہی اس ساحلی علاقے کو اپنی تحویل میں لیا تھا۔ اگر عمان نے گوادر پر اپنی اجارہ داری برقرار رکھی ہوتی تو اس علاقے کی جغرافیائی سیاست بہت مختلف ہوتی کیونکہ یہ مسقط کی بندرگاہ سے صرف 208 ناٹیکل میل کی دوری پر ہے۔ یہ علاقہ بحیرہ عرب کے دوسری طرف سلطان کے مقابلے میں پاکستان کی طویل مدتی سٹریٹجک سوچ میں زیادہ سرایت کر گیا۔ جب پاکستان نے برطانیہ کے توسط سے سلطان کے ساتھ رابطہ کیا تو اس نے دیکھا کہ وہ اس علاقے کو 'فروخت' کرنے کے لیے تیار تھے لیکن ایک خاص قیمت لے کر۔ چھ ماہ تک مذاکرات اور 30 لاکھ برطانوی پاؤنڈ کی ادائیگی کے بعد دونوں ممالک نے آٹھ ستمبر 1958 کو ایک معاہدے پر دستخط کر دیے۔

موجودہ دور کے تناظر میں دیکھا جائے تو ایسا لگتا ہے کہ پاکستانی رہنماؤں نے دوستانہ اور پرامن انداز میں گوادر کے حصول میں گہری سٹریٹجک سوچ اور بے پناہ دور اندیشی کا مظاہرہ کیا۔ آج بھی اس خطے کے لوگ عمان کو بہت سراہتے ہیں اور اس سے محبت کرتے ہیں جو سلطنت کی مسلح افواج کے لیے بھی روزگار کا ایک بڑا ذریعہ رہا ہے۔

پاکستان نے دیگر سٹریٹجک ترجیحات کی بنا پر کئی دہائیوں تک گوادر پورٹ کی ترقی کو پس پشت ڈالے رکھا اور سست رفتاری سے سرمایہ کاری کی۔ یہاں توجہ چین کی 'شاہراہ ریشم کی بحالی' میں دلچسپی کی وجہ سے بڑھی۔ معاملہ قدیم تجارتی راستے استعمال کرنے کا نہیں بلکہ منصوبہ کہیں بڑا ہے۔ بیلٹ اینڈ روڈ منصوبہ جسے چین کا عظیم سٹریٹجک وژن قرار دیا جاتا ہے، اس میں سڑکوں، بندرگاہوں، ریلوے لائنوں، توانائی کی پائپ لائنوں کی تعمیر اور مارکیٹوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنا شامل ہے۔ گوادر، چین اور پاکستان کے درمیان 'سمندروں سے گہری اور پہاڑوں سے زیادہ بلند' دوستی کی کہیں زیادہ اہم علامت ہے، نہ کہ صرف سنکیانگ کے علاقے سے چینی مصنوعات کی ترسیل کے لیے ایک بندرگاہ کی حیثیت سے۔ قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں کہ بیجنگ کو کسی خفیہ معاہدے کے تحت ایک 'اڈہ' دیا جا سکتا ہے، جس کی پاکستان نے برسوں سے مسلسل تردید کی ہے لیکن اگر مغرب اور جنوبی ایشیا کے وسیع سٹریٹجک ماحول میں کوئی تبدیلی آئی تو مستقبل میں اس بات کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جا سکتا۔

تاہم گوادر کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کیونکہ یہ سمندر سے محروم افغانستان، وسطی ایشیائی ریاستوں، اور سب سے بڑھ کر، چین کے دور دراز کے مغربی علاقوں کی سمندر تک رسائی فراہم کرتا ہے، خاص طور پر سی پیک کے تحت بنائے گئے بنیادی ڈھانچے کے ذریعے۔

چین جس طرح سی پیک منصوبوں میں تقریباً 65 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے جو بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کے لیے مختص چھ سو ارب ڈالر کی رقم کا ایک حصہ ہے جس کے تحت اقتصادی زونز، پاور پلانٹس، ہوائی اڈے، موٹرویز، اور چین و وسطی ایشیا کے ساتھ ریلوے کے ذریعے رابطہ قائم کرنے جیسے منصوبے شامل ہیں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سب عظیم حکمت عملی کے بغیر نہیں ہو رہا۔ چین کو 2013 میں گوادر پورٹ کا کنٹرول دے دیا گیا تاکہ وہ اس کا انتظام سنبھالے اور اسے مزید ترقی دے۔ یہ پورٹ گزشتہ پانچ سال سے مکمل طور پر فعال ہے اور 20 ہزار ٹن وزن کی گنجائش والے جہازوں کو لنگر انداز کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بندرگاہ کو ترقی دے کر 70 ہزار ٹن کی گنجائش تک لے جانے کا عمل جاری ہے۔ اس بین الاقوامی رسائی کو بڑھاتے ہوئے چین نے گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ تعمیر کیا ہے، جہاں ہر قسم کے طیارے اتر سکتے ہیں۔ چینی وزیراعظم لی کی چیانگ نے 13 اکتوبر کو اس کا آن لائن افتتاح کیا اور اسے پاکستان کے لیے 'تحفہ' قرار دیا۔ چین اور پاکستان سی پیک میں بھاری سرمایہ کاری کر رہے ہیں، حالاں کہ بلوچ علیحدگی پسند گروپوں کی جانب سے چینی شہریوں اور پاکستانی کارکنوں کو نشانہ بنانے کی وجہ سے سکیورٹی خدشات موجود ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ سکیورٹی کی قیمت کچھ بھی ہو اس بڑے منصوبے کو آگے بڑھانے سے پیچھے ہٹنے کا کوئی امکان نہیں۔ گوادر کا علاقائی مرکز کے طور پر ابھرنا دو عوامل پر منحصر ہے۔ پہلا یہ کہ چین اور پاکستان اسے سی پیک کے دوسرے مرحلے کے ساتھ کس طرح جوڑتے ہیں اور دوسری بات کہ خطے وہ ملک جہاں سمندر نہیں وہ اسے سمندر تک رسائی کے لیے چھوٹے، سستے، آسان اور محفوظ راستے کے طور پر کس طرح دیکھتے ہیں۔ اس ضمن میں مزید انتظار کرنا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated 25 OCT 2024 Page No. 24

بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی میں سی پیک کا کردار

دربار۔۔۔ا

طارق خان ترین



Tariqyadkhan@gmail.com

بلوچستان میں سی پیک (CPEC) کے تحت کئی اہم منصوبے مکمل کیے گئے ہیں، جو صوبے کی ترقی اور مقامی لوگوں کے لیے فائدے مند ثابت ہوئے ہیں۔ ان میں سب سے نمایاں گوادر بندرگاہ کی تعمیر ہے، جو 2017 میں مکمل ہوئی اور بین الاقوامی تجارت کا مرکز بن گئی۔ گوادر فری زون کا پہلا فیز 2018 میں مکمل ہوا، جس سے مقامی معیشت کو فروغ ملا۔ حب کوئلہ پاور پلانٹ، جو 2020 میں مکمل ہوا، نے بلوچستان میں توانائی کی کمی کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ مکران کوسٹل ہائی وے اور قراقرم ہائی وے کی بہتری بھی مکمل ہو چکی ہے، جنہوں نے صوبے کے دور دراز علاقوں کو مرکزی تجارتی راستوں سے جوڑا۔ ان منصوبوں نے نہ صرف بلوچستان کے انفراسٹرکچر کو بہتر کیا بلکہ مقامی لوگوں کو روزگار اور کاروباری مواقع بھی فراہم کیے ہیں۔

حال ہی میں سی پیک کے تحت بلوچستان کے گوادر ائرپورٹ کا ورچول افتتاح ای سی او سمٹ کے دوران وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور چینی وزیر اعظم لی قیانگ نے کی۔ جس پر میرا خیال ہے کہ یہ ایک علامتی افتتاح ہے جبکہ باقاعدہ افتتاح گوادر میں ہی کیا جائیگا۔ بہرکیف بلوچستان میں سی پیک کے تحت تعمیرات، ٹرانسپورٹ، اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں نے مقامی لوگوں کے لیے بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا کیے ہیں۔ ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، جیسے مکران کوسٹل ہائی وے، گوادر بندرگاہ کی توسیع، اور توانائی کے منصوبے، جیسے حب کوئلہ پاور پلانٹ شامل ہیں۔ ان منصوبوں کے دوران تعمیراتی شعبے میں مزدوروں اور ہنرمند کارکنوں کی بڑی تعداد کو ملازمتیں دی گئیں، جبکہ ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس میں بھی کاروباری مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ توانائی کے پلانٹس کی تعمیر اور آپریشن کے دوران تکنیکی اور عملی مہارت کے حامل مقامی افراد کو روزگار کے مواقع ملے ہیں۔ اس کے علاوہ، پیشہ ورانہ تربیت اور ہنر سکھانے کے مراکز نے بھی مقامی لوگوں کو سی پیک منصوبوں میں بہتر انداز سے حصہ لینے کے لیے تیار کیا ہے۔

سی پیک کے تحت بلوچستان میں نئی سڑکوں، ہائی ویز اور ریلوے لائنوں کی تعمیر نے صوبے میں تجارت اور نقل و حرکت کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ مکران کوسٹل ہائی وے اور قراقرم ہائی وے جیسے منصوبے نہ صرف دور دراز علاقوں کو گوادر اور دیگر بڑے شہروں سے جوڑتے ہیں، بلکہ تجارتی اشیا کی ترسیل کو بھی تیز اور کم لاگت پر ممکن بناتے ہیں۔ ان منصوبوں نے بلوچستان کی مقامی آبادی کو بہتر خدمات، صحت کی سہولیات، اور تعلیمی اداروں تک رسائی کو آسان بنایا ہے۔ گوادر پورٹ، جو سی پیک کا مرکزی منصوبہ ہے، ایک چھوٹے ماہی گیری کے قصبے سے ایک بڑے بین الاقوامی اقتصادی مرکز میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اس بندرگاہ کی ترقی نے نہ صرف مقامی معیشت کو فروغ دیا ہے بلکہ عالمی تجارتی سرگرمیوں کے لیے ایک گیٹ وے فراہم کیا ہے۔ گوادر کی توسیع سے مقامی صنعتوں کو نئی منڈیوں تک رسائی ملی ہے، جس نے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور خطے کی مجموعی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

گوادر کی ترقی نے مقامی صنعتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ گوادر پورٹ کی تعمیر اور اس کے ساتھ صنعتی زونز کے قیام سے ماہی گیری، شپنگ، لاجسٹکس اور دیگر صنعتوں کو بہتر مواقع ملے ہیں۔ ان صنعتوں میں سرمایہ کاری کے باعث نہ صرف مقامی معیشت میں بہتری آئی ہے بلکہ روزگار کے مواقع میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے، جس نے بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا ہے۔ گوادر میں صنعتی سرگرمیوں کے فروغ سے مقامی کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کو وسعت دینے اور نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملا ہے۔ سی پیک کے تحت بلوچستان میں توانائی کے بحران کو حل کرنے کے لیے کئی پاور پلانٹس اور انرجی گرڈ کے منصوبے مکمل کیے گئے ہیں۔

حب کوئلہ پاور پلانٹ جیسے منصوبے بلوچستان میں بجلی کی فراہمی کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان پاور پلانٹس نے نہ صرف بجلی کی کمی کو پورا کیا بلکہ صنعتی ترقی کے لیے مستقل اور قابل بھروسہ بجلی فراہم کی۔ توانائی کے گرڈز کو اپ گریڈ کرنے سے بجلی کی ترسیل میں بہتری آئی ہے، جس سے مقامی کاروبار اور صنعتوں کو مسلسل بجلی ملنے لگی ہے۔

سی پیک کے تحت بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے بلوچستان کے چھوٹے کاروباروں اور مقامی صنعتوں کو منڈیوں تک بہتر رسائی حاصل ہوئی ہے، خاص طور پر ماہی گیری، کان کنی، اور زراعت جیسے اہم شعبوں میں۔ گوادر بندرگاہ اور نئی سڑکوں کے جال نے ماہی گیری کی صنعت کو بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی دی، جس سے مقامی ماہی گیروں کی آمدنی میں اضافہ ہوا۔ کان کنی اور زراعت کے شعبے بھی بہتر رسائی اور نقل و حمل کی سہولت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، جس سے ان کی پیداوار اور مصنوعات کی منڈی تک رسائی میں اضافہ ہوا ہے۔ سی پیک کے منصوبوں نے بلوچستان میں صحت اور تعلیم کے شعبے میں بھی نمایاں بہتری لائی ہے۔ جدید ہسپتالوں اور اسکولوں کی تعمیر سے مقامی آبادی کو معیاری صحت کی سہولیات اور بہتر تعلیمی مواقع میسر آئے ہیں۔ گوادر اور دیگر علاقوں میں صحت کے مراکز کا قیام لوگوں کی صحت کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوا ہے، جبکہ تعلیم کے شعبے میں اسکولوں اور پیشہ ورانہ تربیتی اداروں نے نوجوانوں کے لیے تعلیم اور ہنر سیکھنے کے مواقع بڑھائے ہیں۔ ان منصوبوں نے بلوچستان کی سماجی ترقی کو بھی فروغ دیا ہے، جو کہ مجموعی ترقی کا حصہ ہے۔

گوادر اور بلوچستان کے دیگر قدرتی مقامات کے ارد گرد انفراسٹرکچر کی ترقی نے نہ صرف مقامی آبادی کی زندگیوں میں تبدیلیاں لائی ہیں بلکہ سیاحت کو بھی فروغ دیا ہے۔ مکران کوسٹل ہائی وے، ہوٹلوں، اور ریزورٹس کی تعمیر نے مقامی اور بین الاقوامی سیاحوں کو راغب کیا ہے، جس سے علاقے کی معیشت میں بہتری آئی ہے۔ تاریخی اور قدرتی مقامات جیسے ہنگول نیشنل پارک، جیونی اور چاند گڑھ کی خوبصورتی تک رسائی آسان ہو چکی ہے، جس سے سیاحت کا شعبہ فروغ پا رہا ہے۔ انفراسٹرکچر کی اس ترقی نے بلوچستان کو نہ صرف پسماندگی کے طعنے سے دور کیا ہے، بلکہ صوبہ اب ترقی اور جدیدیت کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے۔ سیاحت کے فروغ کے ساتھ ساتھ، مقامی لوگوں کو بھی روزگار اور کاروباری مواقع فراہم ہوئے ہیں، جس سے صوبے کے تمام شعبوں میں بہتری آ رہی ہے۔ سی پیک کے منصوبوں نے بلوچستان کی معیشت کو قومی اور بین الاقوامی منظرنامے میں ایک نمایاں مقام دلایا ہے، اور صوبہ اب ترقی یافتہ علاقوں کی صف میں شامل ہو رہا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 OCT 2024

Page No. 25

بلوچستان سے بے رخی کیوں ہے!

پاکستان کا ہر صوبہ کسی نہ کسی محرومی کا شکار ہے، جبکہ صوبہ بلوچستان سب سے زیادہ محرومی سے دوچار ہے، حالانکہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، لیکن ترقی کی دوڑ میں سب سے ہی پیچھے ہے، اوپر سے ہر سال سیلاب کی تباہ کاریاں، اس کی پسماندگی مزید ابتر کررہی ہیں، اس پر حکومت بلوچستان وسائل کی کمی کا رونا روتی ہے، لیکن صوبائی حکومت کو جو پیسے ملتے ہیں، وہ بھی منصوبوں پر نہیں لگائے جائیں گے، عوامی فلاح و بہبود کیلئے ملنے والے فنڈز منصوبوں پر خرچ ہی نہیں کیے جائیں گے تو صوبے کی پسماندگی کیسے دور ہوگی؟ عام آدمی کو بہتری کے ثمرات کیسے مل پائیں گیاور بلوچستان کے بحران کا حل کیسے نکال پائیں گے؟

اس حوالے سے ایک چشم کشا رپورٹ سامنے آئی ہے کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز موجود ہیں، مگر بلوچستان حکومت عملدرآمد کرانے میں ہی ناکام رہی ہے، بلوچستان میں سیلاب سے تباہ ہونے والے علاقوں کی بحالی کیلئے 22 کروڑ ڈالر ملے تھے، اس میں سے صرف 2 کروڑ 20 لاکھ ڈالر ہی خرچ ہوئے ہیں، جبکہ چینی گرانٹ بھی کسی پروجیکٹ کیلئے اب تک استعمال نہیں ہو سکی ہے، اس کے باوجود صوبہ بلوچستان کی پسماندگی کا رونا ہر کوئی روتا ہے، وسائل کی عدم دستیابی کا واویلا بھی کیا جاتا ہے لیکن وسائل ہوتے ہوئے ان کے درست استعمال نہ کرنے کی نااہلی کا ذمہ دار کسے ٹھہرایا جائے گا؟

اس کی ساری ذمہ داری وفاقی حکومت کے ساتھ حکومت بلوچستان پر بھی عائد ہوتی ہے،

لیکن وہ اپنی نااہلی قبول کرنے کے بجائے مختلف توجیہات بیان کرتے رہتے ہیں، ایک دوسرے پر ہی ڈالتے رہتے ہیں، جبکہ انہیں دستیاب وسائل سے بھرپور فائدہ اُٹھانا چاہیے اور بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا تدارک کرنا چاہیے، مگر وفاق اور بلوچستان حکومت کی ترجیحات عوام کے بجائے کچھ اور ہی ہیں اور وہ اس میں ہی مصروف عمل دکھائی دیتے ہیں، جبکہ بلوچستان عوام دن بدن احساس محرومی کا شکار ہو رہے ہیں اور اس محرمی کے ازالہ کیلئے ایک طرف سڑکوں پر احتجاج کررہے ہیں تو دوسری جانب ریاست کے خلاف آواز اُٹھا رہے ہیں، صوبائی حکومت جب تک سنجیدگی سے عوام کی محرومیوں کا ازالہ نہیں کرے گی، جب تک بلوچستان میں امن قائم ہو پائے گا نہ ہی اس کے بے پناہ قدرتی وسائل سے کوئی استفادہ کر پائے گا۔

پاکستان حکومت صوبہ بلوچستان کی قدروقیمت سمجھے نہ سمجھے، مگر اس کی قدروقیمت دنیا خوب سمجھتی ہے، اس لیے ہی بلوچستان کیلئے فنڈ دیے جاتے ہیں، عالمی بینک نے سیلاب بحالی پروجیکٹ کے تحت 40 کروڑ ڈالر قرض منظور کیا تھا، اس میں سے 21 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کی پہلی قسط استعمال ہونے کے بعد دوسری قسط جاری ہونی ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ وہ اب جاری ہو پائے گی؟ چین نے بلوچستان میں گھروں کی تعمیر کیلئے 20 کروڑ ڈالر گرانٹ منظور کیے، اس سے تقریباً 35 ہزار گھر بنائے جانے ہیں، چین نے پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر 60 لاکھ ڈالر فراہم کیے، اس سے 8 ہزار سے زائد گھر تعمیر ہونے تھے، مگر انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس گرانٹ کی پہلی قسط ہی پروجیکٹ کیلئے مکمل استعمال نہیں ہو سکی ہے، اس طرح ہی عالمی بینک نے بلوچستان کیلئے 10 کروڑ ڈالر پانی سے متعلق پروجیکٹ کیلئے بھی منظور کیے، لیکن اس پروجیکٹ کا حال بھی دوسروں سے مختلف نہیں رہا ہے۔

اب صورتحال یہ ہے کہ اگر صوبائی حکومت پروجیکٹس پر عملدرآمد کیلئے بہتر سسٹم قائم نہیں کرتی ہے تو مزید فنڈز جاری نہیں ہو سکتے ہیں، جبکہ بلوچستان کو ملنے والے عالمی بینک کے قرضوں پر وفاق کی گارنٹی ہے، مگر وفاق کی گارنٹی کون دیے گا؟ وفاقی حکومت زبانی کلامی بہت باتیں کرتی ہے، ملک میں خوشحالی لانے اور صوبے کو ترقی دینے دعوے بھی کرتی رہتی ہے، صوبوں میں احساس محرمی دور کرنے کے کچھ نمائشی اقدام بھی کرتی ہے، لیکن صوبوں پر چیک اینڈ بیلنس رکھنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے، اس کا ہی نتیجہ ہے کہ صوبہ بلوچستان آگے جانے کے بجائے دن بدن پیچھے ہی جارہا ہے اور بلوچستان کے عوام کے مسائل، وسائل ہوتے ہوئے بھی مزید پیچیدہ ہی ہوتے جارہے ہیں۔

اب وقت آگیا ہے کہ حکومت محض نمائشی اقدامات اور دعوؤں کے بجائے بلوچستان کے نوجوانوں کا سیاسی و جمہوری عمل پر اعتماد بحال کیا جائے، بلوچستان سمیت ملک بھر میں جاری سیاسی، معاشی بحرانوں سے نکلنے کیلئے مقتدر اور بااختیار قوتیں، قومی سیاسی جمہوری قیادت مل بیٹھ کر ایک متفقہ قومی ریاستی ایجنڈا اور پالیسی ترتیب دیں، بلوچستان میں ترقیاتی کاموں کا ایک جامع موثر پلان مرتب کیا جائے اور وہاں کے نوجوانوں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے ایک جامع سماجی تعلیمی ترقیاتی پروگرام اور اس پر عملدرآمد کیلئے ٹھوس اور پائیدار اقدامات کیے جائیں، اس صورت میں ہی ہم سارے اُلجھے مسائل کے گرداب سے نکل سکتے ہیں اور صوبہ بلوچستان کے ساتھ پورے ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 25 OCT 2024 Page No.

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف علاقوں کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 25 OCT 2024

Page No.

صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں